| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'آ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'آ' لکھ سکیں۔حرف 'آ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف ''حرف تہجی اردو کے''نظم سنائی جائے گی۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ا' کی چھوٹی شکل ہوتی ہے یا نہیں۔اور حرف 'ا' کے فلیش کارڈ کے ذریعے اُس کی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'آ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'آ' ہے اُس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'آ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'آ' کے ذخیرہ الفاظ (آلو،آنسو،آڑو،آگ،آنکھ،آندھی،آری،آٹا) کے بارے میں جانیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ اس کی شکل 'ا' جیسی ہے مگر اس پر ایک مدآتی ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف تہجی کا دوسرا حرف ہے تختہ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو حرف 'آ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'آ' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'آ' پر انگلی پھیریے۔حرف 'آ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔مثال کے طور پر 'آ' آنسو،آگ۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'آ' میں پنسل پھیریں گے اور آدھے کٹے ہوئے آڑو رنگ میں ڈبو کر ورک شیٹ پر لگانے میں مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف 'آ' کا درست تلفظ،آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'آ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'آ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'آ' لکھ سکیں۔ حرف 'آ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروفِ تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'آ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'آ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'آ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو 'آلو' کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ 'آلو' ہے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آلو سبزی ہے یا پھل اُن کو آلو سے بنی ہوئی کون سے چیزیں پسند ہیں۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے 'آ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی تا کہ بچوں کا ہاتھ اوپر سے نیچے رواں ہو جائے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید / سیاہ پر مختلف پھلوں کی تصاویر چپکائی جائے گی اور باری باری ہر بچے کو بلا کر حرف 'آ' سے شروع ہونے والے پھلوں کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی اور کہا جائے گا دیئے گئے حروف میں سے 'آ' میں رنگ بھریں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے آلو، آڑو، آم کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'آ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'آ' لکھ سکیں۔ حرف 'آ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'آ' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'آ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'آ' سے آڑو کے بارے میں بات کریں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آڑو کس کو پسند ہے اور پھلوں کی اہمیت بتائی جائے گی کہ پھل صحت کے لیے بہت اچھے ہوتے ہیں بچوں سے 'آ' سے شروع ہونے والے دوسرے پھلوں کے بارے میں بھی پوچھا جائے گا بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'آ' بنائیے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کے گروپوں کے لیے میز پر کلر پینٹس، پانی اور چارٹ پیپر رکھ دیجیے۔ اب اُن سے کہیے کہ اپنی انگلیاں کسی بھی کلر پینٹ میں ڈبوئیں اور حرف 'آ' لکھیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں آلو بخارہ میں رنگ بھریں گے اور 'آ' پر پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے آگ، آنکھ، آنسو، آڑو کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ انگور میں 'ا' میں رنگ بھریں گے اور 'آ' پر پینسل پھیریں گے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’آ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’آ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے ’آ‘ لکھ سکیں۔ حرف ’آ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’آ‘ کا تلفظ اس کی آواز اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’آ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’آ‘ کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے آنکھ، آری، آندھی اور آٹا کی تصاویر دکھائی جائیں گی اور ان الفاظ کے بارے میں بات کی جائے گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں حرف ’آ‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کے فلیش کارڈ چھپا دیں۔ بچوں سے کہیے کہ جماعت میں حرف ’آ‘ کے الفاظ چھپے ہیں۔ انھیں تلاش کریں اور نام بتائیں اور جو سب سے زیادہ فلیش کارڈ ڈھونڈے گا وہ جیت جائے گا۔ | 20 منٹ | فلیش کارڈ | |
| | بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 5 کھولنے کو کہیے۔ دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف ’آ‘ کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے نیچے دی گئی ’آ‘ پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | | کتاب صفحہ نمبر 5 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے آنکھ، آندھی، آنسو، آری، آٹا کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'آ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'آ' لکھ سکیں۔ حرف 'آ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'آ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو آگ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ آگ ہے یہ کس کام آتی ہے۔ اور کیا ہمیں اس کو ہاتھ لگانا چاہیے۔ بچوں کو آنسو کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا کہ یہ آنسو ہے اس کی ابتدائی کیا ہے۔ آنسو کہاں سے نکلتے ہیں اور کب نکلتے ہیں۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'آ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'آ' لکھنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'آ' کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'آ' لکھیں۔ | 3 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>30 منٹ<br><br>2 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'آ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |